NYC Children | CARES
Collaborative Assessment, Response, Engagement & Support

ہم آپ کے خاندان کی مدد کر سکتے ہیں

ACS فیملی اسسمنٹ ریسپانس پروگرام
(ACS's Family Assessment Response program)

رابطے کے نمبر

CARES CPS کا نام:

____

رابطے کی معلومات/موبائل

____

ای میل

____

دفتر کا پتہ:

____

CARES CPS سپروائزر کا نام:

____

رابطے کی معلومات/موبائل

____

ای میل

____

CARES CPS مینیجران کا نام:

____

رابطے کی معلومات/موبائل

____

ای میل

____

NYC Children | CARES
Collaborative Assessment, Response, Engagement & Support

150 William Street New York, NY 10038

NYC Children | CARES
Collaborative Assessment, Response, Engagement & Support

150 William Street New York, NY 10038

اوہایو کے اختلافی ریسپانس پریکٹس پروفائلز
(Ohio's Differential Response Practice Profiles) سے اخذ کردہ۔

ہم آپ کے خاندان کی مدد کیسے کر سکتے ہیں؟

NYC کی انتظامیہ برائے امداد اطفال (Administration for Children’s Services, ACS) میں شرکت پریشان کن اور الجھنوں والی ہو سکتی ہے۔ اگرچہ ACS کی خدمات تک رسائی کے کئی طریقے ہیں آپ اس میں اس لیے ملوث ہو جاتے ہیں کہ کسی شخص نے آپ کے بچے یا بچوں کی حفاظت کے سروکار کے تعلق سے ریاست کو رپورٹ کی ہے۔ اگر آپ دلچسپی رکھتے ہوں تو اس سروکار پر توجہ دیتے ہوئے ACS آپ سے ملنے کے لیے کولابرائیٹو اسسمنٹ، ریسپانس، اینگیجمنٹ اینڈ سپورٹ چائلڈ پروٹیکٹو اسپیشلسٹ (Child Protective Specialist, CPS) مقرر کرے گی۔

آپ اور آپ کے بچے کی حفاظت کے تحفظ کے بہترین طریقوں کے تعین کے لیے آپ اور آپ کے CARES CPS اس صورت حال پیدا کرنے والے حالات، واقعات اور کارروائیوں پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ آپ کا CARES CPS آپ سے آپ کے خاندان کی اچھائیوں اور اس کے مسائل کے بارے میں دریافت کرے گا اور یہ کہ کسی ضروریات یا سروکاروں کے حل کے لیے آپ دونوں مل کر کیسے کام کر سکتے ہیں۔ اپنے بچے/بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ساتھ مل کر آپ ایک طفل مرکوز، خاندان مرکوز اور خوبیوں پر مبنی حلوں والا منصوبہ وضع کریں گے۔ اگر آپ کے بچے یا بچوں کے لیے کوئی سنگین یا فوری خطرہ نہیں ہے تو آپ پیش کی گئی خدمات کو قبول یا رد کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ CARES، ACS کے فیملی اسسمنٹ ریسپانس پروگرام میں سروکار کی رپورٹ کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا جاتا تاکہ آپ کے ریکارڈ پر کوئی نشان نہ لگے اور کوئی بے بنیاد رپورٹ نہ آئے۔

CARES - کولابرائیٹو اسسمنٹ، ریسپانس، اینگیجمنٹ اینڈ سپورٹ
(CARES - Collaborative Assessment, Response, Engagement & Support)

NYC کی انتظامیہ برائے امداد اطفال (ACS) کے پاس ریاست کو استحصال و اغماض اطفال کی رپورٹ قبول ہونے پر دو متبادلات ہوتے ہیں ایک ٹریڈیشنل ریسپانس کا طریقہ ہے اور دوسرا کولابرائیٹو اسسمنٹ، ریسپانس، اینگیجمنٹ اینڈ سپورٹ (CARES) کا طریقہ ہے۔ دونوں طریقے ACS CARES CPS کے عملے کو شراکتی اور پُر احترام انداز میں ہر خاندان کے الگ الگ سروکاروں، خطرات اور خوبیوں کا حل نکالنے کی آسانی فراہم کرتے ہیں۔ دونوں حالتوں میں بنیادی ہدف بچے کی حفاظت ہے۔ CARES کی معاملات کے لیے رپورٹ کے بارے میں رسمی فیصلہ/ نتیجہ نہیں دیا جاتا۔

سروکار اطفال کے تئیں CARES کی توجہ

چلڈرنز سروس سے کسی فون یا ملاقاتی کا آنا خاندانوں کے لیے خوف کا باعث ہوتا ہے خصوصاً جب خاندان تناؤ والے مسائل سے نبرد آزما ہوں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ رپورٹ کی جانے پر خاندانوں کو شرم، خوف اور غصے کا احساس ہو سکتا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ خاندانوں کو اپنی زندگیوں میں حکومت کی مداخلت کا خطرہ بھی محسوس ہو سکتا ہے۔

بچوں کو محفوظ اور خاندانوں کو تقویت کا احساس دلائے رکھنے میں مدد کے لیے ACS کے لیے خاندانوں کو فوری مدد پہنچانا ضروری ہے۔ کولابرائیٹو اسسمنٹ، ریسپانس، اینگیجمنٹ اینڈ سپورٹ (CARES) یہ امکان فراہم کرتا ہے۔

CARES کا استعمال کیوں کیا جائے؟

CARES اس یقین پر مبنی ہے کہ والدین اپنے بچوں کو عزیز رکھتے ہیں، انہیں محفوظ رکھنا چاہتے ہیں اور ایک خاندان کے طور پر ساتھ ساتھ نشو و نما چاہتے ہیں۔ ایسا ممکن بنانے میں بعض اوقات والدین کو مدد درکار ہو سکتی ہے۔ وہ مدد CARES فراہم کر سکتا ہے۔ بعض والدین اپنے بچوں کو محفوظ رکھنے کی جد و جہد کرتے ہیں۔

جب ایسا ہوتا ہے تو چلڈرن سروسز کو بچوں کی حفاظت کا جائزہ اور اسے فروغ دینے کے لیے تفصیلی جائزہ اور تفتیش انجام دے کر توجہ دینی چاہیے۔ CARES ایک متبادل اقدام ہے جو استحصال و اغماضِ اطفال کی سنگین رپورٹوں کو چھوڑ کر ہر ایک کے لیے کھلا ہوا ہے۔

حفاظت اطفال کی ضمانت کے دو طریقے

روایتی اقدام

- سنگین چوٹ پر منتج ہونے والے جنسی استحصال کی رپورٹوں کے لیے ہمیشہ مطلوب اور جب بھی یہ یقین ہو جائے کہ بچوں کو ضرر کا سنگین اور فوری خطرہ ہے
- اس میں عدالت کی مداخلت درکار ہو سکتی ہے
- اس کے نتیجے میں الزام کے بارے میں کوئی فیصلہ کیا جائے گا / نتیجہ اخذ کیا جائے گا

CARES

- اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب استحصال یا اغماض کی رپورٹوں میں سنگین یا فوری ضرر کا الزام نہ لگایا گیا
- خاندانوں کے ساتھ حفاظت مرکوز شراکتوں کا تقاضا کرتا ہے
- اس کے نتیجے میں الزام سےمتعلق کوئی فیصلہ/ نتیجہ سامنے نہیں آتا

ہمارا ہدف آپ کے ساتھ تعاون کرنا:

مشغول رکھ کر
آپ کے بچے یا بچوں کی حفاظت، بہبود اور پائداری کے جائزے اور فروغ کے لیے مشترک اہداف کا قیام۔

تشخیص کرنا
آپ کے خاندان کی خوبیوں اور ضروریات سے متعلق معلومات ایکجا کرنا۔

اشتراک عمل
مشترک اہداف کے حصول کے لیے پر احترام اور با معنی روابط کی تشکیل۔

منصوبہ بندی
تدبیر کی تشکیل، اہم کاموں کی خاکہ بندی، اور آپ کے ساتھ اہداف کا تعین۔

نفاذ
آپ کے خاندان کے لیے مؤثر ترین خدمات اور وسائل کی نشاندہی اور اطلاق۔

تعیین قدر
یہ دیکھنے کے لیے کہ خدمت کے منصوبے اور پروگرام مطلوبہ اہداف کی تکمیل کرتے ہیں ان کی نتائج کی نگرانی۔

وکالت
دیگر گروپوں یا تنظیموں سے مطلوبہ وسائل کے حصول کی غرض سے آپ کے خاندان کے لیے مداخلت فراہم کرنا۔

ثقافتی اور تنوعاتی صلاحیت کا مظاہرہ
ثقافتوں کے اندر اور ان کے درمیان آپ کے خانگی تنوع کی فہم اور اس کا احترام۔

ترسیل
مختلف طریقوں سے مؤثر طور پر معلومات کی ترسیل اور اس کی وصولیابی۔

اشتراک
باہم مفید اور مکمل طور پر واضح رشتوں کی برقراری۔